2025-03-11

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ارجمند علی خاں

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

-----------------------------------------------------------

1- وزیراعظم نریندر مودی آج پورٹ لوئی میں، ماریشس کے اپنے ہم منصب نوین چندر رام غلام کے ساتھ بات چیت کریں گے۔

2- صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو آج سینٹرل یونیورسٹی آف پنجاب اور ایمز بھٹنڈہ کی تقسیمِ اسناد کی تقریبات میں شرکت کریں گی۔

3- شمالی ریلوے ہولی کے تہوار کے مدِّ نظر 400 سے زیادہ خصوصی ریل گاڑیاں چلا رہا ہے۔

4- بھارت نے طبی اشیا اور سامان کے انضباطی شعبے میں اشتراک کے لیے آرمینیا کے ساتھ ایک مفاہمت نامے پر دستخط کیے ہیں۔

5- اور

عالمی Para Athletics گراں پری 2025 آج دلی کے جواہر لال نہرو اسٹیڈیم میں شروع ہو رہا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Mauritius Visit

وزیراعظم نریندر مودی ماریشس کے دو دن کے دورے پر آج صبح پورٹ لوئی پہنچ گئے ہیں۔ وہ اپنے دورے کے موقع پر مختلف پروگراموں میں شرکت کریں گے۔ جناب مودی آج Sir Seewoosagar رام غلام بوٹانیکل گارڈن جائیں گے اور Sir Seewoosagar رام غلام اور Sir Anerood Jugnauth کو خراجِ عقیدت پیش کریں گے۔ جناب مودی اِس کامپلیکس میں ایک پودا بھی لگائیں گے۔

وزیراعظم نریندر مودی آج شام ایک کمیونٹی تقریب میں شرکت کریں گے۔ اِس موقع پر ماریشس میں رہنے والے بھارت نژاد افراد بڑی تعداد میں وہاں موجود رہیں گے۔ جناب مودی ماریشس کے اپنے ہم منصب نوین چندر رام غلام سے ملاقات کریں گے۔

جناب مودی کل مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے ماریشس کے قومی دن کی تقریبات میں شرکت کریں گے۔ اُن کے اِس دورے میں مختلف شعبوں میں کئی معاہدوں پر دستخط کیے جانے کی امید ہے، جن میں بحری سیکیورٹی، صلاحیت سازی اور تجارت کے شعبے شامل ہیں۔

ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ بھارت اور ماریشس کے درمیان تعلقات کے مزید مستحکم ہونے کے تناظر میں وزیراعظم نریندر مودی کا یہ دورہ بہت اہمیت کا حامل ہے۔x

## Prez. Punjab Visit

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج سے پنجاب اور مرکز کے زیر انتظام علاقہ چندی گڑھ کے دو روزہ دورے پر رہیں گی۔ پنجاب کے اپنے اس دورے کے دوران محترمہ مرمو سینٹرل یونیورسٹی آف پنجاب اور آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنس AIIMS بھٹنڈہ کے جلسۂ تقسیم اسناد کی تقریبات میں شرکت کریں گی۔

ان دونوں تقریبات میں دیگر ممتاز شخصیات کے علاوہ محترمہ مرمو کے ساتھ پنجاب کے گورنر گلاب چند کٹاریہ موجود رہیں گے۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ سبھی مقامات پر سکیورٹی کے پختہ انتظامات کیے گئے ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ..................

## V/C Rajesh Bali

سینٹرل یونیورسٹی آف پنجاب میں صدر جمہوریہ ایک ہزار 31 پوسٹ گریجویٹ ڈگریاں اور 60 پی ایچ ڈی ڈگریاں تفویض کریں گی، جبکہ 43 گولڈ میڈل سے ہونہار طلباء کو سرفراز کریں گی۔ اس کے علاوہ پانچ ڈی لٹ کی ڈگریاں ان معزز ہستیوں کو دی جائیں گی، جنہوں نے اپنے متعلقہ شعبوں میں کارہائے نمایاں انجام دیئے ہیں۔ ایمس میں صدر جمہوریہ MBBS، ڈاکٹر آف میڈیسن، ماسٹر آف سرجری اور ماسٹر آف ڈینٹل سرجری کے طلباء کو 72 ڈگریوں اور تمغوں سے سرفراز کریں گی۔ شام کے وقت صدر جمہوریہ موہالی میں ایک شہری استقبالیہ میں شرکت کریں گی، جسے پنجاب کی حکومت نے ان کے اعزاز میں منعقد کیا ہے۔

پنجاب اور ہریانہ کے گورنر صاحبان، وزرائے اعلیٰ اور دیگر اہم شخصیات اس موقع پر موجود رہیں گی۔ کل صدر جمہوریہ پنجاب یونیورسٹی چنڈی گڑھ کے 72 ویں جلسہ تقسیم اسناد کی تقریب میں شرکت کریں گی۔

جالندھر سے راجیش بالی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ......

## Northern Railway Special Trains

شمالی ریلوے ہولی کے تہوار سے پہلے مسافروں کی سہولت کے لیے 400 سے زیادہ خصوصی ٹرینیں چلا رہا ہے۔ نئی دلّی میں میڈیا سے بات کرے ہوئے شمالی ریلوے کے چیف رابطہ عامہ افسر ہمانشو شیکھر اُپادھیائے نے بتایا کہ مسافروں کی آسانی کے لیے جامع انتظامات کیے گئے ہیں۔ انہوں نے اس بات کو اجاگر کیا کہ قومی راجدھانی میں نئی دلّی آنندوہار اور حضرت نظام الدین ریلوے اسٹیشنوں پر مسافروں کے لیے سکیورٹی انتظامات، Mini کنٹرول روم اور انتظار کے لیے مخصوص مقامات کا بندوبست کیا گیا ہے۔ جناب اُپادھیائے نے کہا کہ اگر ضرورت پیش آئی تو مانگ بڑھنے پر خصوصی ٹرینیں بھی چلائی جائیں گی۔

## S/B Himanshu Upadhyaye

جناب اُپادھیائے نے مزید کہا کہ پلیٹ فارم پر ان مسافروں کو ہی جانے کی اجازت ہوگی جن کے پاس درست ٹرین ٹِکٹ ہوں گے۔x

## Agriculture Data

زراعت اور کسانوں کی بہبود کی وزارت نے سال 2024-25 کے لیے بڑی زرعی فصلوں کی پیداوار کا دوسرا پیشگی تخمینہ جاری کردیا ہے۔ خریف فصلوں کے اناج کی پیداوار کا تخمینہ تقریباً ایک ہزار 664 لاکھ میٹرک ٹن لگایا گیا ہے جبکہ ربیع کے اناج کی پیداوار ایک ہزار 645 لاکھ میٹرک ٹن سے زیادہ رہنے کا امکان ہے۔

خریف کے چاول کی پیداوار ایک لاکھ 206 لاکھ میٹرک ٹن سے زیادہ رہنے کا اندازہ ہے، جبکہ سال 2023-24 میں یہ لگ بھگ ایک ہزار 132 لاکھ میٹرک ٹن رہی تھی۔ تور کی پیداوار 35 لاکھ گیارہ ہزار میٹرک ٹن جبکہ چنے کی پیداوار 115لاکھ 35 ہزار میٹرک ٹن رہنے کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔

بڑی زرعی فصلوں کے اعداد و شمار جاری کرتے ہوئے زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں مرکزی سرکار زرعی شعبے کی ترقی کے لیے لگاتار کام کر رہی ہے۔x

## LS Worker

سرکار نے مطلع کیا ہے کہ e-Shram پورٹل پر 30کروڑ 68 لاکھ سے زیادہ غیر منظم کارکنوں نے اپنا اندراج کرایا ہے۔ غیر منظم کارکنوں کا ایک جامع قومی Database تیار کرنے کے لیے 2021 میں یہ پورٹل شروع کیا گیا تھا۔ لوک سبھا میں ایک سوال کے تحریری جواب میں لیبر اور روزگار محکمے کی وزیر مملکت Shobha Karandlaje

نے بتایا کہ جن کارکنوں نے رجسٹریشن کرایا ہے، اُن میں 53 فیصد سے زیادہ خواتین ہیں۔x

LS Ganga

مرکزی سرکار نے کہا ہے کہ حالیہ مہاکمبھ کے دوران پریاگ راج میں Triveni سنگم میں دریائے گنگا کا پانی اشنان کے لیے ٹھیک تھا۔ کثافت پر کنٹرول سے متعلق مرکزی بورڈ کی ایک رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے ماحولیات کے وزیر بھوپیندر یادو نے لوک سبھا میں بتایا کہ مہاکمبھ کے دوران جن مقامات پر نگرانی کی جا رہی تھی، اُن سبھی پر پانی کی کوالٹی اشنان کے لیے بالکل موزوں تھی۔ x

Telengana Nominations

تلنگانہ میں کانگریس، کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا CPI اور بھارت راشٹر سمیتی BRS کے امیدواروں نے MLA کوٹہ کے تحت ریاستی قانون ساز کونسل کے دو سال میں ہونے والے آئندہ انتخابات کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کئے ہیں۔ کاغذات کی جانچ پڑتال کا کام آج بعد میں کیا جائے گا۔ نام واپس لینے کی آخری تاریخ 13 مارچ ہے اور اگر ضروری ہوا تو 5 نشستوں کیلئے پولنگ اس ماہ کی 20 تاریخ کو کرائی جائے گی۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Jaishankar Armenia FM

بھارت نے طبی اشیا اور سامان کے انضباطی شعبے میں اشتراک کے لیے آرمینیا کے ساتھ ایک مفاہمت نامے پر دستخط کیے ہیں۔ کَل دلی میں وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اور آرمینیا کے وزیر خارجہ Ararat Mirzoyan کی موجودگی میں اِس مفاہمت نامے پر دستخط کیے گئے۔ دونوں وزراءِ خارجہ نے ڈجیٹل ٹیکنالوجی اور دواسازی کے شعبوں میں اشتراک کے طور طریقے تلاش کرنے سے اتفاق کیا۔ اِن وزیروں نے بھارت اور آرمینیا کے درمیان بڑھتے ہوئے باہمی تعاون کے تمام تر پہلوؤں کا جائزہ لیا، جس میں ایک دوسرے کے ملک میں سیاسی رابطے کے دورے، تجارت، معیشت، Connectivity، تعلیم، ثقافت اور عوام سے عوام کے رابطے شامل ہیں۔

دونوں ملکوں نے امورِ خارجہ کی خدمات سے متعلق سشما سوراج انسٹی ٹیوٹ اور آرمینیا کی وزارتِ خارجہ کے Diplomatic اسکول کے درمیان تعاون سے متعلق مفاہمت نامے پر بھی دستخط کیے۔

میٹنگ کے دوران ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ بھارت، آرمینیا کے ساتھ اپنے تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کا خواہشمند ہے، جو تاریخ میں گہرے اور مضبوط رہے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان سیاسی اشتراک اچھا رہا ہے اور دوطرفہ تجارت اور دفاعی تعاون میں اضافہ ہوا ہے۔ ڈاکٹر جے شنکر نے علاقائی اور باہمی دلچسپی کے عالمی امور پر بھی تبادلۂ خیال کیا۔x

## Cyber Attack

سوشل میڈیا پلیٹ فارم X کو گل رات بڑے سائبر حملے کا سامنا کرنا پڑا۔ جس کی وجہ سے دنیا بھر میں لوگوں کو اپنے handles تک رسائی میں مشکل پیش آئی۔ امریکہ اور برطانیہ میں اِس سائبر حملے کا زیادہ اثر دیکھا گیا۔x

## Syria Military Operations

شام کی عبوری سرکار نے اعلان کیا ہے کہ اُس نے معزول صدر بشار الاسد کے وفادار جنگجوؤں کے خلاف فوجی کارروائی ختم کردی ہے۔ دسمبر میں 13 سال سے جاری خانہ جنگی کے خاتمے کے بعد سے یہ سب سے شدید لڑائی تھی۔

Lattakia شہر کے نزدیک پولس کے گشتی دستے پر مسلح افراد کے حملے کے بعد گذشتہ جمعرات کو جھڑپیں شروع ہوئی تھیں۔ نگرانی کرنے والے گروپوں کے مطابق تشدد کے یہ واقعات شام کے پورے ساحلی خطے میں پھیل گئے تھے اور سینکڑوں عام شہری مارے گئے۔

اسلام پسند حکمرانوں کی زیر قیادت نئی سرکار ملک پر کنٹرول اور کُردوں اور Druze لوگوں سمیت اقلیتی گروپوں کے ساتھ بات چیت کے لیے جدوجہد کرتی رہی ہے۔

اِدھر اقوام متحدہ سلامتی کونسل آج اپنے اجلاس میں اِس بحران پر غوروخوض کرنے والی ہے۔ عالمی رہنماؤں نے تشدد کے خاتمے پر زور دیا ہے۔x

## Afghanistan Crisis

اقوام متحدہ کے خوراک سے متعلق عالمی پروگرام میں آج اس بات کو اُجاگر کیا گیا ہے کہ افغانستان میں لڑکیاں مسلسل تیسرے سال پرائمری اسکول نہیں جاپائی ہیں اور اس نے زور دے کر کہا ہے کہ کوئی بھی بچہ بھوکا اسکول نہ جائے۔

انسانی حقوق کاؤنسل کے جاری 58 ویں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انسانی حقوق کے اقوام متحدہ کے ہائی کمشنر Volker Turk نے کہا کہ افغانستان میں خواتین کو اس وقت ان کے بنیادی حقوق میسر نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان میں خواتین اور لڑکیوں کے ساتھ صنفی بھید بھاؤ کیا جاتا ہے، جو آج کی دنیا میں ناقابل قبول ہے۔ افغانستان دنیا کا واحد

ایسا ملک ہے، جہاں لڑکیوں اور خواتین کو سیکنڈری اور اعلیٰ تعلیم سے محروم رکھا جاتا ہے۔×

Khelo India Games

جموں وکشمیر کے بارہ مولہ ضلع کے گلمرگ میں جاری پانچویں کھیلو انڈیا موسم سرما گیمس کے کَل دوسرے دن کھلاڑیوں نے مختلف مقابلوں میں اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ مردوں کے Vertical Ski Mountaineering مقابلے میں پُنے کے سِدھارتھ Gadekar کو سونے کا تمغہ ملا۔ Nordic Ski Sprint میں ITBP نے مقابلے میں سبھی تین تمغے جیتے۔

Snowboard giant Slalom مقابلے جموں کے زبیر احمد لون نے 30 شرکاء سے مقابلہ کرتے ہوئے سونے کا تمغہ حاصل کیا۔×

Para Athletics Grand Prix

World Para  Athletics Grand Prix-2025 کا آج دوپہر نئی دلّی کے جواہر لال نہرو اسٹیڈیم میں آغاز ہوگا۔ ان تین روزہ مقابلوں میں کُل 250 پیرا اتھلیٹس حصہ لیں گے، جن میں 145 بھارتی اور 20 ممالک سے 105 بین الاقوامی کھلاڑی شامل ہیں۔ یہ 90 ایتھلیٹکس مقابلوں میں حصہ لیں گے، جس سے بھارت کی جانب سے میزبانی کیا جانے والا یہ اب تک کا سب سے بڑا پیرا ایتھلیٹکس مقابلہ ہوگا۔ بھارتی دستے کی قیادت 2024 پیرس پیرالمپک میں  سونے کا تمغہ جیتنے والے پروین کمار، نودیپ سنگھ اور دھرم بیر کریں گے۔×

WPL Cricket

خواتین پریمیر لیگ کرکٹ میں کَل رات ممبئی کے Brabourne اسٹیڈیم میں ممبئی انڈینس نے گجرات جائنٹس کو 9 رن سے ہرادیا۔ اس جیت کے ساتھ ممبئی انڈینس کے ڈہلی کیپٹلس کی طرح 10 پوائنٹس ہوگئے ہیں لیکن وہ کم نیٹ رَن ریٹ کی وجہ سے دوسرے مقام پر ہے۔

پہلے بلے بازی کرتے ہوئے ممبئی انڈینس نے مقررہ 20 اوورس میں 6 وکٹ کے نقصان پر 179 رن بنایے۔ کپتان ہرمن پریت کور نے سب سے زیادہ 54 رن اسکور کئے۔ اس کے جواب میں گجرات جائنٹس 170 رن پر آل آؤٹ ہوگئی۔ ممبئی انڈینس کی کپتان ہرمن پریت کور کو WPL کی تاریخ میں ریکارڈ چھٹی مرتبہ پلیئر آف دی میچ قرار دیا گیا۔

آج اسی مقام پر ممبئی انڈینس کا مقابلہ رائل چیلنجرس بینگلور سے ہوگا۔ یہ میچ رات ساڑھے سات بجے سے کھیلا جائے گا۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......اسد اللہ

شکریہ - ارجمند

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخباروں نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخیوں میں جگہ دی ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا، انقلاب اور ہندوستان ایکسپریس سمیت کئی اخباروں نے ہریانہ کے حصار میں واقع گرو جمبیشور یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے جلسہئ تقسیم اسناد میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کی شرکت اور طلباء سے خطاب کئے جانے کی خبر کو نمایاں کیا ہے۔ اخبار صدر جمہوریہ کے حوالے سے لکھتا ہے کہ ملک کی متوازن اور پائیدار ترقی کیلئے یہ ضروری ہے کہ تعلیم اور ٹیکنالوجی کے ثمرات گاؤں تک پہنچیں۔ روزنامہ پرتاپ نے پارلیمنٹ سے ریلوے ترقی بل کو منظور کئے جانے کی خبر کو اپنی بڑی خبر کے طور پر پیش کیا ہے، جبکہ ہندوستان ایکسپریس نے نیوزی لینڈ کے وزیراعظم کرسٹوفرلکسن کے 16 مارچ کو بھارت دورے کی خبر کو صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔

اس کے علاوہ آج کے اخباروں نے مہاراشٹر کے بجٹ پر تفصیلی رپورٹ پیش کرتے ہوئے لکھا ہے کہ 'مہاراشٹر میں  بجلی ہوگی سستی، بجٹ میں ہوا اعلان'۔ لوک سبھا میں صحت اور زچگی کی خدمات کے تئیں آشا کارکنوں کی تعریف اور دلّی کی وزیراعلیٰ ریکھا گپتا کی طلباء سے بات چیت، مانگیں بجٹ پر تجاویز، آج کے اخباروں کی یہ سرخیاں ہیں۔

اخبارات کی بین الاقوامی خبریں کچھ اس طرح سے ہیں:

* اردن میں سکیورٹی تعاون کیلئے اہم میٹنگ۔

* کناڈا میں لبرل پارٹی کے مارک کارنی اگلے وزیراعظم نامزد۔

* امریکی آئل ٹینکر اور پرتگالی بحری جہاز میں خوفناک تصادم، 37 افراد زخمی۔

----------------

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیراعظم نریندر مودی آج پورٹ لوئی میں، ماریشس کے اپنے ہم منصب نوین چندر رام غلام کے ساتھ بات چیت کریں گے۔

2- صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو آج سینٹرل یونیورسٹی آف پنجاب اور ایمز بھٹنڈہ کی تقسیمِ اسناد کی تقریبات میں شرکت کریں گی۔

3- شمالی ریلوے ہولی کے تہوار کے مدِّ نظر 400 سے زیادہ خصوصی ریل گاڑیاں چلا رہا ہے۔

4- بھارت نے طبی اشیا اور سامان کے انضباطی شعبے میں اشتراک کے لیے آرمینیا کے ساتھ ایک مفاہمت نامے پر دستخط کیے ہیں۔

5- اور

عالمی Para Athletics گراں پری 2025 آج دلی کے جواہر لال نہرو اسٹیڈیم میں شروع ہو رہا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔